سوال

(628) سگریٹ اور چائے کا نشہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جس طرح سگریٹ کا نشہ ہوتا ہے اسی طرح چائے کا بھی نشہ ہوتا ہے برائے مہربانی وضاحت فرمادیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سگریٹ حقہ اور تمباکو میں تو نشہ ہے چائے میں کوئی نشہ نہیں دلیل یہ ہے کہ اول الذکر تینوں چیزیں انسان کے حواس اور اس کی عقل پر اثر انداز ہوتی ہیں صحیح بخاری میں ہے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا :

«وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ» (بخاری-کتاب الاشربۃ-باب ماجاء ان الخمر ما خامر العقل من الشراب)

''نشہ آور شے وہ ہے جو عقل پر اثر انداز ہو''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

کھانے پینے کے احکام ج1ص449